جلدنمبر33 | شمارہ نمبر44 | 29 اکتوبر تا 4 نومبر 2021

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ
# پیپر بزنس
کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

APP

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech

SINAR SPECTRA COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD ExcelPro PAPERLINE a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS Ellustra DRAWING PAPER
enza foopak CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109

ہفت روزہ
# پیپر بزنس
کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# ان کوٹڈ ڈیکوریٹیو پیپر کی ویلیوایشن 1830 ڈالر فی ٹن تک مقرر

## پہلی مرتبہ کلر اور وائٹ کی قیمتوں کا الگ الگ تعین کیا گیا ہے، ویلیوایشن رولنگ کا اجرا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹریٹ کسٹم ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کراچی کے ڈائریکٹر ویلیو ایشن فواد علی شاہ نے 22 اکتوبر 2021 کو ہر قسم کے ان کوٹڈ ڈیکوریٹیو پیپر کی کسٹم ویلیوایشن رولنگ نمبر 1525/2021 جاری کردی ہے۔ رولنگ جاری کرتے ہوئے ڈائریکٹر ویلیوایشن شفیق احمد لٹکی نے رولنگ میں لکھا ہے کہ ڈی جی ویلیوایشن کے علم میں یہ بات آئی تھی کہ ان کوٹڈ ڈیکوریٹیو بیس پیپر برائے پرنٹنگ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ لہٰذا ان آئٹم کی ویلیوایشن رولنگ کے تعین بابت کسٹم ایکٹ کی دفعہ 25 کے تحت طریقہء کار شروع کیا گیا۔ اس سلسلے میں فریقین کا اجلاس ڈی جی کے دفتر میں 29 ستمبر 2021 کو منعقد ہوا جس میں ان آئٹم کی ویلیو ایشن سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں میسرز ولی لیمینیٹس پرائیویٹ لمیٹڈ نے موقف اختیار کیا کہ اس آئٹم کی ویلیو ایشن زائد ہے اور اس کے انہوں نے مناسب ثبوت بھی فراہم کئے جبکہ کمرشل امپورٹرز نے بھی اپنا موقف پیش کیا۔ رولنگ نمبر 1555 میں مزید کہا گیا ہے کہ ویلیوایشن کا تعین دفعہ 25 میں موجود طریقہ کار کو اختیار کر کے کیا گیا ہے۔ مختلف طریقہ کار کے جائزہ کے بعد صرف 25(9) کے تحت ان آئٹمز کی ویلیوایشن کا تعین کیا گیا ہے۔ رولنگ میں کہا گیا ہے کہ اس رولنگ کے خلاف اپیل اس کے اجراء کے 30 دن کے اندر ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن کے پاس کی جاسکتی ہے۔ اس رولنگ کا اطلاق آئندہ آنے والے کنسائنمنٹ پر ہوگا اور اس وقت تک ہوگا جب تک محکمہ اس میں تبدیلی نہ کرے یا اس پر عمل درآمد روک دے۔ اس رولنگ کا اطلاق ان کیسز پر ہوگا جن کی ڈیکلیرڈ ویلیو اس رولنگ سے کم ہونگی۔ تاہم رولنگ سے زائد ویلیو کی صورت میں کسٹم آفیسر ڈیکلیئرڈ ویلیوز یر دفعہ 25(i) قبول کرے گا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل رولنگ نمبر 1525/2021 مورخہ 26 مارچ کو جاری کی گئی تھی جس میں وائٹ اور کلر کے ایک ہی ریٹ رکھے گئے تھے لیکن اب نئی رولنگ میں وائٹ، آف وائٹ کے مقابلے میں کلر کی ویلیوایشن 100 ڈالر سے زائد رکھی گئی ہے۔ چارٹ میں ان آئٹمز کی ویلیوایشن کی شرح دی گئی ہے۔

| S.No | Description | Specification | PCT | Proposed PCT for WeBOC | Origin | 26-03-2021 Customs Values C&F US$/Kg | 22-10-2021 Customs Values C&F US$/Kg |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) | (8) |
| 1 | Un-Coated Decorative Base Paper for Printing | White/ Off White | 4802.5510 | 4802.5510.1000 | China | | 1.25 |
| | | Colored | | 4802.5510.1100 | | 1.09 | 1.33 |
| 2 | | White/ Off White | | 4802.5510.1200 | Other Origins | 1.50 | 1.72 |
| | | Colored | | 4802.5510.1300 | | | 1.83 |

# ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ تاریخ کی بدترین گراوٹ کا شکار

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ تاریخ کی بدترین گراوٹ کا شکار ہے یہ پہلا موقع ہے کہ ڈالر کے سامنے پاکستانی روپیہ ہر گذرتے دن کیساتھ تیزی سے کمزور ہو رہا ہے جس کی وجہ سے انٹربینک میں روپے کے مقابلے ڈالر 175 روپے اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر 176 روپے کی ریکارڈ سطح سے تجاوز کر چکا ہے۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 26 اکتوبر 2021 کو انٹربینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 75 پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 174.45 روپے سے بڑھ کر 175.20 روپے اور قیمت فروخت 174.55 روپے سے بڑھ کر 175.30 روپے ہوگئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر 90 پیسے مہنگا ہو گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 174.80 روپے سے بڑھ کر 175.70 روپے اور قیمت فروخت 175.30 روپے سے بڑھ کر 176.20 روپے پر جا پہنچی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 1 روپے کا اضافہ ہوا جس سے یورو کی قیمت خرید 201 روپے سے بڑھ کر 202 روپے اور قیمت فروخت 203 روپے سے بڑھ کر 204 روپے ہوگئی جبکہ 2 روپے کے نمایاں اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 238 روپے سے بڑھ کر 240.20 روپے اور قیمت فروخت 240.20 روپے سے بڑھ کر 242.20 روپے پر جا پہنچی۔ تاہم سعودیہ عرب سے امداد کے اعلان کے بعد بدھ 27 اکتوبر کو روپے میں معمولی استحکام دیکھا گیا اور قیمت دوبارہ 174 روپے پر آ گئی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 5 سو سے زائد ڈالرز کی خریداری ناممکن ہوگئی

کراچی (بزنس ڈیسک) سسٹم کے بغیر قانون نافذ، ملک میں 500 ڈالر سے زیادہ کی خریداری ناممکن ہوگئی، ادھر نادرا کا کہنا ہے کہ 19 کمپنیز نے رابطہ کیا، انہیں سسٹم سمجھایا گیا، آئی ٹی انفراسٹرکچر نہ ہونے کے باعث یہ کمپنیاں بھی واپس نہیں آئیں۔ گزشتہ دنوں اسٹیٹ بینک نے 22 اکتوبر سے ڈالر کی خریدوفروخت کیلئے بائیومیٹرک لازمی قرار دیا تھا، اسٹیٹ بینک کے اعلان کے بعد ملک میں گزشتہ روز سے بائیومیٹرک تصدیق کے بعد زرمبادلہ کی خرید وفروخت کا قانون نافذ ہوگیا۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن کے مطابق ایکسچینج کمپنیز کا بائیومیٹرک تصدیق کا سسٹم نادرا سے منسلک نہیں ہوسکا تاہم منی چینجر 500 ڈالر سے زیادہ فروخت نہیں کر رہے۔ اس حوالے سے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کا کہنا تھا کہ زرمبادلہ کی خرید وفروخت کی مانیٹرنگ کیلئے حل تیار کر لیا تھا اور 51 میں سے 24 کمپنیز کو حل اور تحریری معاہدہ بھیج دیا تھا، حکام کے مطابق 19 کمپنیز نے رابطہ کیا جس پر انہیں سسٹم سمجھایا گیا لیکن آئی ٹی انفراسٹرکچر اور صلاحیت نہ ہونے کی وجہ سے یہ 19 کمپنیز بھی واپس نہیں آئیں۔ نادرا کا کہنا ہے کہ نادرا نے کمپنیز کی مشکلات کے پیش نظر اب موبائل ایپ تیار کی ہے اور چند کمپنیز موبائل ایپ کی ٹیسٹنگ کر رہی ہیں، نادرا کے مطابق موبائل ایپ کے ساتھ بائیومیٹرک ڈیوائسز بھی ایکسچینج کمپنیز کو دیں گے، ایپ کے ذریعے کرنسی کی خرید وفروخت کا سارا عمل مانیٹر ہو سکے گا۔

## ہنڈی حوالہ میں ملوث ایکسچینج کمپنی پر چھاپہ

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف آئی اے فیصل آباد نے ایک ایکسچینج کمپنی جو مبینہ طور پر ہنڈی حوالہ اور غیر قانونی کرنسی کے کاروبار میں ملوث تھی، چھاپہ مار کر مقدمہ درج کر لیا ہے مگر حیرت انگیز طور پر کوئی گرفتاری ظاہر نہیں کی گئی۔ ایف آئی اے فیصل آباد کو اطلاع ملی تھی کہ سمندری میں واقع ایک ایکسچینج کمپنی غیر قانونی کرنسی کے لین دین اور ہنڈی حوالے میں ملوث ہے جس پر ڈپٹی ڈائریکٹر کی اجازت سے مذکورہ کمپنی کے دفتر پر چھاپہ مارا گیا جہاں ریکارڈ سے یہ بات سامنے آئی کہ فیصل آباد کی ایک کمپنی کو اگست اور ستمبر میں بوگس اور جعلی انٹریز کے ذریعے 5ہزار 200 امریکی ڈالرز، 47ہزار 500 اماراتی درہم، 85ہزار سعودی ریال، 2ہزار 970 یورو اور 500 برطانوی پاؤنڈ ہنڈی حوالہ ہوئے۔ مذکورہ انکشاف کے بعد ایکسچینج کمپنی کے برانچ منیجر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا مگر کمپنی کے مالکان کو نامزد نہیں کیا گیا نہ ہی کوئی گرفتاری عمل میں آئی۔ اس حوالے سے ایف آئی اے فیصل آباد سے رابطہ کیا گیا مگر کسی بھی افسر نے اس موضوع پر بات کرنے سے گریز کیا۔

## جو بھی ٹارگٹ ہوگا پورا کر دکھائینگے، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر محمد اشفاق احمد نے ہیڈکوارٹرز کے ممبر صاحبان اور سیڈ فارمیشنوں کے چیف کمشنروں، چیف کلکٹروں، کمشنروں، کلکٹروں اور انکی ٹیموں میں شامل بنیادی اسکیل 21 تک کے تمام عہدیداروں اور سٹاف کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شاباش اور مبارکباد دی ہے جنہوں نے 15 اکتوبر 2021ء تک ملکی تاریخ کا آل ٹائم ریکارڈ ریونیو جمع کیا ہے۔ انہوں نے ایف بی آر کے ترجمان اور انکی ٹیم کو بھی شاباش دی ہے۔ ڈاکٹر محمد اشفاق احمد نے ہیڈ کوارٹرز اور فیلڈ فارمیشنوں کی ٹیموں کو کہا ہے کہ وہ 30 جون 2022ء تک کا 5829 ارب روپے کا نیا ٹارگٹ حاصل کر کے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر سرخرو کریں۔ یہ سب ٹیم ورک سے ہوگا۔ ڈاکٹر محمد اشفاق احمد چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ وفاقی مشیر خزانہ شوکت فیاض احمد ترین ایف بی آر کو جتنا بھی ٹارگٹ حکومتی فیصلے کے مطابق دینگے ایف بی آر ہیڈ کوارٹر اور فیلڈ فارمیشنیں اور کلکٹریٹس انشاء اللہ اسے پورا کر دکھائیں گے۔ چیئرمین ایف بی آر کی طرف سے انکے ترجمان اسد طاہر جپہ نے جنگ کو بتایا کہ موجودہ چیئرمین نے نہ صرف ریونیو جمع کرنے کا آل ٹائم ریکارڈ بنا دکھایا ہے بلکہ انہوں نے ڈیف بیس میں ملکی تاریخ کی سب سے زیادہ وسعت کر دکھائی ہے۔ 2021-22ء کی پہلی سہ ماہی میں ایف بی آر نے مقررہ ٹارگٹ سے 189 ارب روپے کا زیادہ ٹیکس جمع کر کے عالمی اداروں کے تخمینوں کو غلط ثابت کیا ہے۔

## 50 ملین تک کے کاروباری اداروں کیلئے مارکنگ فیس چھوٹ کی منظوری

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر سائنس وٹیکنالوجی سینیٹر سید شبلی فراز نے 50 ملین روپے تک کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کیلئے مارکنگ فیس کی چھوٹ کی منظوری دیدی ہے، وزارت کی طرف سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم کے وژن اور ہدایات کے مطابق سائنس وٹیکنالوجی کی وزارت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو کاروبار میں آسانی کیلئے اقدامات کرنے کی خواہاں ہے، پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے 23ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کہا گیا ہے کہ 50 ملین روپے تک کے بزنس ٹرن اوور کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو مارکنگ فیس کی ادائیگی سے چھوٹ دی گئی ہے۔

**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ "پیپر بزنس" میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔

## ڈیجیٹل کرپٹو کرنسی، حکومت پالیسی فیصلہ جاری کرے، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے ڈیجیٹل کرنسی کرپٹو کے استعمال پر پابندی کیخلاف دائر درخواست کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ جسٹس محمد کریم خان آغا کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے ڈیجیٹل کرنسی کرپٹو کے استعمال پر پابندی کیخلاف وقار ذکا کی درخواست کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ عدالت نے تحریری حکم نامے میں کہا ہے کہ کئی ممالک میں کرپٹو کرنسی میں کاروبار کی اجازت ہے اور پاکستان میں بھی عالمی سطح پر بینکنگ ٹرانزیکشن کیلئے سہولتوں کی ضرورت ہے جبکہ قوانین کے دائرے میں کرپٹو کو قانونی شکل دی جاسکتی ہے۔ حکومت پاکستان ڈیجیٹل کرپٹو کرنسی کے حوالے سے پالیسی فیصلہ جاری کرے۔

## خواجہ عدنان ظہیر ڈائریکٹر جنرل فیٹف سیکریٹریٹ مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 22 کے افسر خواجہ عدنان ظہیر کو ڈائریکٹر جنرل فیٹف سیکریٹریٹ مقرر کیا ہے۔ ان کی تقرری کنٹریکٹ پر ایک سال کیلئے کی گئی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ان کی تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ یہ تقرری 22 اکتوبر 2021 سے مؤثر ہوگی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# لاہور ناردرن زون میں مشاورتی اجلاس میں محمد سلیم بیکیا، محمد انیس، عابد نثار کی بھی شرکت

لاہور (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس اور ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی عابد نثار نے اپنے دورہ لاہور کے موقع پر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کے دفتر میں ایک خصوصی مشاورتی اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ناردرن زون کی جانب سے ان کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا گیا۔ اس اجلاس میں خامس سعید بٹ، صدر ناردرن زون حسن رضا سمیت دیگر اراکین سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اور ناردرن زون کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر شرکا نے کہا کہ ہماری کسی سے ذاتی رنجش نہیں ہے۔ اگر اپوزیشن کو ہم سے کوئی شکایات ہیں تو وہ عدالتی کارروائی میں الجھنے کے بجائے ہمارے ساتھ مذاکرات کرے اور اس کا حل پیش کرے۔ کیونکہ قانونی جنگ میں اپیما کو نہ صرف بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بلکہ انتخابی عمل میں بھی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ جس سے نئی ایگزیکٹو کمیٹی کو بھی کام کا موقع نہیں ملتا ہے۔ شرکا کو مزید بتایا گیا کہ چند خفیہ ہاتھوں نے اپیما کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق رائے پایا گیا کہ انجم الرحمن لاہور پیپر مارکیٹ کے سینئر اور معزز ممبر ہیں اور اپیما کا وفد ان سے ملاقات کر کے ان کی عیادت کرے گا اور ان کی صحتیابی کے لیے دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کرے گا۔ اجلاس میں شرکا نے کہا کہ کوئی بھی شخص انتخابات میں رکاوٹ نہیں بننا چاہتا ہے اور امید ہے کہ جلد ہی عدالتی فیصلوں کی روشنی میں انتخابات کی راہ ہموار ہو جائے گی اور توقع ہے کہ دسمبر 2021 میں اپیما کے انتخابات کا انعقاد ممکن ہو جائے گا۔ لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ پیپر ٹریڈ کے اجتماعی مفاد میں دونوں گروپ بیٹھیں تمام ماضی کی غلطیاں، تلخیاں اور کوتاہیاں بھلا کر اپنی پیاری اپیما کو بلندیوں کے اعلیٰ مقام تک لے جائیں۔ اپیما کسی کی جاگیر نہیں ہے جو بھی ٹریڈ کی خدمت کرنا چاہتا ہے وہ آگے آئے انتخابات میں حصہ لے اور ٹیم میں شامل ہو جائے۔ اس موقع پر اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ اراکین اپیما متعدد مسائل سے دوچار ہیں جس میں اسٹیٹ بینک کی جاناب سے سو فیصد کیش مارجن کی شرط، حکومت کی جانب سے ریگولیٹری اور اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا نفاذ اور دیگر غیر قانونی اقدامات بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ لوکل پیپر مینوفیکچرر کی من مانیاں بھی ممبران کے لیے مسائل کا باعث ہیں۔ اجلاس میں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے آرٹ پیپر رائٹنگ پیپر کے حکم کے تحت پیپر ٹریڈرز کی قانونی جنگ جیتنے پر مسرت کا اظہار کیا گیا اور انہیں بتایا گیا کہ اس سلسلے میں پیپر ٹریڈ کے دشمنوں اور کالی بھیڑوں کے کردار کو کراچی لاہور میں اجلاس بلا کر ممبران کو تفصیلی بریفنگ دی جائے گی جس کی وجہ سے پیپر ٹریڈ کو بھاری مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔








## سدرن زون سے اسلم جیلانی کی فیڈریشن میں نامزدگی



کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون سے سال 2022 کے لیے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں جنرل باڈی کے لیے ممبر کے لیے سابق وائس چیئرمین محمد اسلم جیلانی کو نامزد کر دیا گیا ہے۔ جبکہ فیڈریشن کی مینجنگ کمیٹی کے لیے سابق وائس چیئرمین اپیما باؤ محمد بشیر کی لاہور سے پہلے ہی نامزدگی کی منظوری دی جا چکی ہے۔ واضح رہے کہ فیڈریشن میں ایسوسی ایشنز کے لیے نامزدگی کی آخری تاریخ 28 اکتوبر 2021 تھی۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
**GSM**




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award — 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بینک اکاؤنٹ سے ٹیکس ریکوری کا ایف بی آر کا اختیار ختم کرنے کی سفارش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی کی ہدایات پھر سے لاگو کرنے کی ہدایت کردی۔ سابق چیئرمین نے مئی 2019ء میں یہ ہدایات جاری کی تھیں کہ ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس سے ان کو پیشگی اطلاع دیے بغیر متنازع ٹیکسوں کی ریکوری نہ کی جائے۔ انھوں نے ہدایات جاری کی تھیں کہ ٹیکس دہندہ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/ پرنسپل آفیسر/ اونر کو ان کا اکاؤنٹ اٹیچ کرنے سے کم از کم 24 گھنٹے قبل مطلع کیا جائے اور اس کی چیئرمین ایف بی آر سے اجازت بھی لی جائے۔ واضح رہے کہ 10 روز قبل فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے یہ ہدایات واپس لے لیں تھیں۔ 21 اکتوبر 2021 کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں ممبران لینڈ ریونیو آپریشن قیصر اقبال نے کہا کہ سابق چیئرمین کی ہدایات قانون کے خلاف تھیں۔ تاہم کمیٹی نے ان کی بات کو رد کرتے ہوئے حکومت سے سابق چیئرمین ایف بی آر کی ہدایات پر عمل درآمد بحال کرنے کی سفارش کی ہے۔ ایف بی آر کے اس اقدام کی توجیح پیش کرتے ہوئے ایف بی آر کے ان لینڈ ریونیو آپریشنز کے چیف عامر بھٹی نے انکشاف کیا کہ جب بھی بینک اکاؤنٹ اٹیچ کرنے کی اجازت کے لیے چیئرمین ایف بی آر کے پاس فائل جاتی تھی تو اس کی معلومات پہلے ہی لیک ہوجاتی تھیں اور ایف بی آر کے کوئی بھی ایکشن لینے سے پہلے ٹیکس دہندہ اس اکاؤنٹ میں سے رقم نکال چکا ہوتا تھا۔ تاہم سینیٹ کمیٹی نے عامر بھٹی کی یہ وضاحت مسترد کردی۔ دوران اجلاس پی ٹی آئی کے سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ اگر حکومت ٹیکس دہندگان کو ہراساں کرنے کا سلسلہ ختم اور ٹیکس کلچر کو فروغ دینا چاہتی ہے تو اس کا صحیح راستہ وہی ہے جو سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی نے اختیار کیا تھا۔ قائمہ کمیٹی نے حکومت کا کارپوریٹ سیکٹر کو ادائیگیاں صرف ڈیجیٹل موڈ کے ذریعے کرنے کا اقدام بھی مسترد کردیا۔ اس بارے میں کمیٹی کا کہنا تھا کہ اس سے ٹیکس دہندگان کی مشکلات بڑھیں گی۔ جمعیت علمائے اسلام کے سینیٹر طلحہ محمود کی سربراہی میں قائمہ کمیٹی خزانہ نے ایف بی آر کے حالیہ اقدامات کا جائزہ لیا جن کی وجہ سے ٹیکس دہندگان کے درمیان بے چینی پھیل گئی ہے۔ ان اقدامات میں ایف بی آر کمشنرز کی ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹ منسلک کرکے ان سے متنازع رقم کی وصولی کے اختیارات کی بحالی کا اقدام بھی شامل ہے۔

## ایک عمرے سے دوسرے عمرے کے درمیان 15 دن کی شرط ختم

ریاض (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی وزارت حج و عمرہ نے ایک عمرے سے دوسرے عمرے کے درمیان پندرہ دن کی شرط ختم کردی۔ آئندہ اجازت نامے کی میعاد ختم ہوتے ہی نئے عمرے کا اجازت نامہ حاصل کیا جاسکے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق آئندہ ایک عمرے سے دوسرے عمرے کے درمیان انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ توکلنا یا اعتمرنا ایپ کے ذریعے نئے عمرے کا اجازت نامہ پہلا اجازت نامہ ختم ہوتے ہی حاصل کیا جاسکے گا۔ یہ سہولت 17 اکتوبر 2021 اتوار سے کورونا ایس او پیز میں تخفیف کے اقدام کے تناظر میں دی جارہی ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


# پاک افغان سرحد کی طویل بندش: چمن کے تاجروں کی بے روزگاری میں اضافہ

چمن (بزنس ڈیسک) چمن افغان سرحد کی تین ہفتوں سے بندش کے نتیجے میں چمن کے مقامی تاجروں کو یومیہ 10 کروڑ روپے کا کاروبار اور ڈیٹنشن کی مد میں نقصان پہنچ رہا ہے۔ چمن چیمبر آف کامرس کے سابق صدر جمال الدین اچکزئی نے کے مطابق افغانستان کے لیے پاکستان سے مال سے لدے ٹرکس سرحد کے قریب رکے ہوئے ہیں جبکہ ان گاڑیوں کا عملہ بے یارو مدگار پڑا ہوا ہے، درآمد و برآمدی سرگرمیوں کی معطلی سے ٹریڈ کے روزگار سے منسلک لاکھوں افراد بھی بے روزگار ہوگئے ہیں اور چمن کی مصروف ترین شاہراہ ویران ہوگئی۔ چمن چیمبر کے ایک اور سابق صدر حاجی جلات خان نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ چمن پر پاک افغان سرحد کو فوری کھولنے کا اعلان کرے تاکہ امن وامان کی ممکنہ طور پر خراب ہونے والے حالات رونما نہ ہوسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ چمن میں 1000 ایکڑ اراضی سال 2020ء میں اسپیشل اکنامک زون کے لیے مختص کی گئی تھی ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیر اعظم عمران خان بلوچستان میں معاشی لانے کے لیے مجوزہ اکنامک زون کا باقاعدہ سنگ بنیاد رکھنے کا اعلان کریں اور ساتھ چمن چیمبر کی مشاورت سے بارڈر مارکیٹ قائم کرنے کی حکمت عملی وضع کریں۔ پاک افغان بارڈر بند ہونے کی وجہ سے پھنسے ہوئے 1400 کینٹینرز پر ڈیٹنشن و دیگر سرچارجز کی مد میں یومیہ 100 سے 150 ڈالر ادا کرنا پڑ رہا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ پاک افغان تعلقات میں سیاست اور تجارت کو الگ رکھا جائے۔ چمن چیمبر آف کامرس کے صدر حاجی محمد ہاشم نے کہا ہے کہ چمن ایک اہم تجارتی علاقہ ہے۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ چمن کے لوگوں کے روزگار کا واحد ذریعہ سرحد پر تجارتی نقل وحمل ہے، چمن شہر پر وفاق اگر خصوصی توجہ مرکوز کرے تو اربوں روپے کا اضافی ریونیو حاصل ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان حکومت کے آنے کے بعد خطے کی صورتحال تبدیل ہوئی ہے جس سے تجارت کے وسعت کے تناظر میں پاکستان کو موثر حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے بھرپور استفادے کی ضرورت ہے۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اسٹیکر،فوٹوکاپی،کاربن لیس،درآمدی آفسیٹ اورآرٹ پیپروکارڈ کی قیمتوں میں اضافہ

## پنڈوکارڈ، بلیچ بورڈ اورمقامی آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی، پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مزید تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 27 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آفسیٹ پیپر انڈیگو، کنماری، آسٹریلین، آفسیٹ ریل کٹ، اسٹیکر پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار، امپریشن ڈاٹ، آرٹ پیپر نیو یا، میٹ، او جے آئی اور مقامی بلیچ بورڈ ایلیگنٹ سنچری کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ لوکل آفسیٹ پیپر ڈبل اے، فلائنگ، کراؤن، بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ اور چیمنگ، پنڈو کارڈ کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں آئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 295 روپے سے کم ہو کر 287 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 305 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 265 روپے سے بڑھ کر 276 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 265 روپے سے بڑھ کر 276 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔115 اور 128 گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 270 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 265 روپے سے بڑھ کر 268 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ قرآن پیپر انڈونیشیا، تمام سائز، 60 گرام، 245 روپے سے بڑھ کر 272 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2200 روپے سے بڑھ کر 2300 روپے، 18x23 سائز 2300 روپے سے بڑھ کر 2400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 4000 روپے سے بڑھ کر 4100 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 4000 روپے سے بڑھ کر 4100 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 296 روپے سے کم ہو کر 294 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چیمنگ تمام سائز تمام گرام 293 روپے سے کم ہو کر 291 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ، ایلیگنٹ سنچری کی 215 گرام کی ریلز اور شیٹس 284 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگئیں ہیں۔ کرافٹ پیپر چائنا، 26x33 سائز، 28 گرام، 2450 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 242 روپے سے بڑھ کر 245 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر انڈیگو انڈونیشیا تمام سائز 60 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 245 روپے، تمام سائز، 70 اور 80 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 255 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر جاپان کنماری، 23x36 سائز، 70 گرام، 228 روپے سے بڑھ کر 240 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر آسٹریلیا 20x30 سائز، 70 اور 80 گرام، 230 روپے سے بڑھ کر، 23x36 سائز، 70 اور 80 گرام، 230 روپے سے بڑھ کر، 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 141 روپے سے کم ہو کر 132 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 141 روپے سے کم ہو کر 132 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 63 اور 68 گرام، 143 روپے سے کم ہو کر 130 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 610 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 670 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B۔ 70 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 570 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی ایل سی 70 گرام، 615 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی ایل سی 80 گرام، 680 روپے سے بڑھ کر 740 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 625 روپے سے بڑھ کر 670 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 680 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 675 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔5.13۔ 70 گرام، 680 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 790 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 605 روپے سے بڑھ کر 625 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون 70 گرام، 590 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون، A4 سائز 80 گرام، 690 روپے سے بڑھ کر 725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 710 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام، 800 روپے سے بڑھ کر 810 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسمارٹسٹ 70 گرام، 570 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈیجیٹل میکنم برازیل 70 گرام، 545 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ٹیکنو یورپ 80 گرام، 580 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رشین میسٹرو مونڈی 72 گرام، 570 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 555 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 560 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 3550 روپے سے کم ہو کر 3500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا، 20x30 سائز، 2625 روپے سے بڑھ کر 2650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر AQNA انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2600 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایڈیسٹر یورپ 20x30 سائز، 4350 روپے سے بڑھ کر 4700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2625 روپے سے بڑھ کر 2675 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2565 روپے سے بڑھ کر 2625 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2625 روپے سے بڑھ کر 2650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2625 روپے سے بڑھ کر 2675 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ گریس پروف پیپر 19x29 سائز، 35 گرام، 3300 روپے سے بڑھ کر 3500 روپے، 19x29 سائز، 40 گرام، 3600 روپے سے بڑھ کر 3800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک نے ای سہولت تصدیق کے ساتھ ڈالر خریدنے کی اجازت دے دی

کراچی (بزنس ڈیسک) حقیقی خریداروں کی سہولت کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے عارضی طور پر ایکسچینج کمپنیوں کو نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی کے ای سہولت آؤٹ لیٹس سے بائیومیٹرک سرٹیفکیشن حاصل کرنے والے افراد کو 500 ڈالر تک فروخت کرنے کی اجازت دے دی۔ رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک نے 7 اکتوبر کے ایک اعلامیے کے ذریعے ایکسچینج کمپنیوں کو ہدایت کی تھی کہ وہ 500 ڈالر اور اس سے زائد کی بیرونی ترسیلات زر کے برابر تمام غیر ملکی کرنسی فروخت کے لین دین کے لیے 22 اکتوبر سے لازمی بائیومیٹرک تصدیق کریں۔ تاہم بائیومیٹرک تصدیق کی ضرورت پر عمل درآمد نہیں ہوسکا کیونکہ نادرا سے رابطہ قائم کرنے کا نظام دستیاب نہیں تھا۔ اسٹیٹ بینک نے یہ فیصلہ بالخصوص افغانستان میں ڈالر کے اخراج کو روکنے کے لیے کیا ہے جس کی وجہ سے طلب میں تیزی سے اضافہ دیکھا گیا جس نے اوپن مارکیٹ میں شرح تبادلہ کو غیر مستحکم کردیا۔ اس کے علاوہ گزشتہ دنوں میڈیا رپورٹس بھی سامنے آئیں جس میں کہا گیا کہ افغانستان میں حکومت کی تبدیلی کے بعد لاکھوں ڈالرز کابل اسمگل کیے جارہے ہیں۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ای سی اے پی) کے سیکریٹری جنرل ظفر پراچہ نے بتایا کہ 'اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ہمیں نادرا کی ای سہولت فرنچائز سے بائیومیٹرک سرٹیفکیشن کے ساتھ ڈالر 5 نومبر تک فروخت کرنے کی اجازت دی ہے'۔ 22 اکتوبر کے اسٹیٹ بینک کے سرکلر میں کہا گیا کہ اے اور بی کیٹگری، دونوں کی ایکسچینج کمپنیاں غیر ملکی کرنسی اور بیرونی ترسیلات زر کو فروخت کرسکتی ہیں۔ تاہم ایکسچینج کمپنیاں نادرا ای سہولت کی ویب سائٹ سے سسٹم سے تیار کردہ رسیدوں کی اصلیت کی تصدیق کریں گی اور تصدیق کی کاپیاں دیگر مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ منسلک کریں گی۔ سرکلر میں کہا گیا کہ 5 نومبر کے بعد ایکسچینج کمپنیاں نادرا کی تیار کردہ اینڈرائیڈ پر مبنی ایپلی کیشن کو بائیومیٹرک تصدیق کے لیے استعمال کریں گی۔ ظفر پراچہ نے کہا کہ ہفتہ 23 اکتوبر 2021 کو ڈالر کی فروخت گزشتہ دنوں سے زیادہ تھی کیونکہ حقیقی خریدار اپنی مطلوبہ رقم حاصل نہیں کرسکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں برطانیہ نے پاکستان سے پروازیں دوبارہ شروع کی ہیں، سیکڑوں طلبا کو تعلیمی مقاصد کے لیے ڈالر کی ضرورت ہے۔ ای سی اے پی کے چیئرمین ملک بوستان نے کہا کہ 'اسٹیٹ بینک کا فیصلہ مارکیٹ کی مدد کرے گا کیونکہ جن لوگوں کو ڈالر کی واقعی ضرورت ہے وہ بلیک مارکیٹ کی طرف نہیں جائیں گے'۔ انہیں یہ بھی توقع ہے کہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی خریداری طلبا کے برطانیہ جانے کے لیے راستے کھلنے کے ساتھ زیادہ ہوجائے گا۔ تاہم انہوں نے کہا کہ اوپن مارکیٹ میں تجارت کی مجموعی صورت حال سست ہے کیونکہ زیادہ تر گاہک فروخت کرنے والے ہیں اور صرف 10 فیصد اصل خریدار ہیں۔ اسٹیٹ بینک نے تازہ ہدایات جاری کی ہیں کہ جس کے تحت افغانستان جانے والے ہر شخص کو 6 ہزار ڈالر کی سالانہ حد کے ساتھ زیادہ سے زیادہ ایک ہزار ڈالر فی وزٹ لے جانے کی اجازت دی گئی ہے۔

## ایف بی آر نے فیٹف اقدامات پر عملدرآمد ایک سال قبل مکمل کرلیا تھا، ترجمان

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ترجمان نے کہا کہ ایف اے ٹی ایف اقدامات پر عملدرآمد ایک سال قبل مکمل کرلیا تھا، جون 2021 میں پاکستان کیلئے 7 نکاتی نئے ایکشن پلان کی منظوری دی گئی تھی، 2 نکات رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور قیمتی دھاتوں کے ڈیلرز سے متعلق تھے، ترجمان کے مطابق منی لانڈرنگ، دہشتگردی، مالی معاونت روکنے کیلئے ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا جبکہ منی لانڈرنگ، دہشتگردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے قواعد متعارف کرائے گئے، ان قواعد کو آسانی سے سمجھانے کیلئے ایک جامع مہم کا بھی آغاز کیا گیا۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229

# افغانستان، ایران سے انڈر انوائسنگ روکنے کیلئے اشیا کی ویلیوایشن کا فیصلہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے افغانستان اور ایران کے راستے درآمد اور برآمد اشیاء کی انڈر انوائسنگ روکنے کیلئے اشیاء کی ویلیوایشن مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ درآمدی و برآمدی اشیاء کی مقامی سطح پر ویلیوایشن مقرر کرنیکا اختیار متعلقہ کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ کو دیا جائے گا۔ متعلقہ ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز کی سربراہی میں لوکل ویلیوایشن کمیٹی قائم ہوگی جس کے لئے لوکل ویلیوایشن کمیٹی رولز متعارف کروانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ایف بی آر نے لوکل ویلیوایشن کمیٹی رولز کیلیے کسٹمز رولز میں ترامیم کا مسودہ تیار کرلیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مجوزہ رولز کے مسودے سے متعلق متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے 15 دن میں آراء طلب کرلی ہیں اور کہا گیا ہے اسکے بعد موصول آراء وتجاویز کو قبول نہیں کیا جائیگا اور گزٹ نوٹیفکیشن کے ذریعے ان ترمیمی رولز کو لاگو کردیا جائیگا۔ ایف بی آر مجوزہ رولز میں کہا گیا ہے کہ کسٹمز ایکٹ 1969 کی سیکشن 25 اے کے تحت لوکل ویلیوایشن کمیٹی قائم کی جائے گی، یہ کمیٹی ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز کی سربراہی میں قائم ہوگی، ممبران میں دو ڈپٹی کلکٹرز یا اسسٹنٹ کلکٹرز شامل ہونگے۔ ضرورت کے مطابق پرنسپل آپریزر، سپرنٹنڈنٹس اور انسپکٹرز، متعلقہ چیمبرز آف کامرس کے نمائندے، کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹس ایسوسی ایشن کے نمائندے، آل پاکستان ڈرائی اور فروٹس امپورٹرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشنز کے نمائندوں کے علاوہ متعلقہ کلکٹر کی جانب سے نامزد کردہ افسر شامل ہونگے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## ڈائریکٹر آف ایکسائز کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹیکس ٹوکن اسٹیکر کی پرنٹنگ اور سپلائی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: دفتر ڈائریکٹر (Admin/MVR) ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول، بیرک نمبر-11، بلاک 4-A، سندھ سیکریٹریٹ، کراچی۔

## بحریہ کالج کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:10 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: کالج اکاؤنٹس آفس، حبیب ابراہیم رحمت اللہ روڈ، کارساز، کراچی۔

فون:021-48503174/48503177

## پوسٹل لائف انشورنس کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:8 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: جنرل منیجر، اسٹاک برانچ، لاہور۔

فون:042-9210813

## COMSATS کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:CUI-LHR-TN-21-1525

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:3 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: پرچیز، آفس، ڈیفنس روڈ، آف رائیونڈ، لاہور۔

فون: 042-111001007EXT:875

## گورنمنٹ پرنٹنگ پریس کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:9 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: کیشئر، سپرنٹنڈنٹ آفس، لاہور۔

فون:042-99212070

## ایگریکلچرل ریسرچ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:19 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: آفس، G,72، بلاک جوہر ٹاؤن، لاہور۔

# کاروباری مواقع
# TENDERS

فون:042-99333367

## ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:01-22

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:8 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: فنانس آفس، 39-شادمان مارکیٹ، نزد بینک آف پنجاب، لاہور۔

فون: 042-99206046-47

## ویٹرنری یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:0274/2021

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: انچارج پرچیز سیل، آؤٹ فال روڈ، لاہور۔

فون:042-99211449-50EXT:138

## والڈ سٹی اتھارٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

لٹریچر کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: انچارج (مارکیٹنگ)، گراؤنڈ فلور، امدبلقیس ہاؤس 54-لارنس روڈ، لاہور۔

فون: 042-99204196

## ثانوی تعلیمی بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

جوابی کاپیاں میٹرک، تعداد:1450000 عدد

جوابی کاپیاں انٹر، تعداد:600000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری اسٹورز، مورگاہ، راولپنڈی۔

فون:051-5450930

## ٹیکس گزار کی سہولت کیلئے آن لائن ماڈیول متعارف کرایا، اسٹیٹ بینک

کوئٹہ (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک کے ریجنل چیف منیجر امجد علی عمرانی، ایڈیشنل ڈائریکٹر غلام محمد، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ممبر نصیب اللہ عمرانی اور ڈپٹی کمشنر نوید بلوچ نے کہا ہے کہ آن لائن ٹیکس پیمنٹ ماڈیول ٹیکس گزار کی سہولت اور انہیں ٹیکسز جمع کرانے کے دوران درپیش مشکلات سے چھٹکارہ دلانے کیلئے متعارف کرایا گیا ہے، صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کو بینکنگ سے متعلق درپیش مشکلات کا ازالہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران وممبران کے ساتھ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے آن لائن ٹیکس پیمنٹ ماڈیول سے متعلق آگاہی سیشن کے موقع پر کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس کے صدر فدا حسین دشتی، نائب صدر امجد علی صدیقی و دیگر ممبران نے اسٹیٹ بینک کوئٹہ ریجن اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے حکام کو چیمبر آنے پر خوش آمدید کہا اور بتایا کہ صوبے کی صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کو ٹیکس دھارے میں شامل کرنے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ٹیکس گزاروں کو ٹیکسز جمع کرانے کے دوران مشکلات کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے آن لائن ٹیکس پیمنٹ ماڈیول متعارف کرانے کو خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ ہمیں امید ہے کہ یہ ٹیکس گزاران کیلئے سہولت کا سامان کرے گا۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام ''پیپر بزنس'' کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی ''رسید'' لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229



A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size

Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





